امیر اہلِ سنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ کے مختلف ارشادات کا مجموعہ

ہفتہ وار رسالہ: 280
WEEKLY BOOKLET-280

قسط: 2

# امیرِ اہلِ سنّت کے 126 ارشادات

صفحات: 14




پیشکش
المدینۃ العلمیہ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ط
اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ط بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

# امیرِ اہلِ سنّت کے 126 ارشادات [1]

دُعائے جانشینِ امیرِ اہلِ سنّت: یاربَّ المصطفےٰ! جو کوئی 14 صفحات کا رسالہ ”امیرِ اہلِ سنّت کے 126 ارشادات“ پڑھ یا سن لے اسے دین کی خدمت کا جذبہ عطا فرما اور راہِ سنت پر چلنے کی توفیق عطا فرما۔
اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم

## دُرود شریف کی فضیلت

اَمیرُ المؤمنین، حضرتِ علیُّ المرتضیٰ شیرِ خُدا رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں: جب کسی مسجِد کے پاس سے گزرو تو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر دُرُودِ پاک پڑھو۔
(فضل الصلاۃ علی النبی للقاضی الجہضمی، ص70، رقم:80)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ❀❀❀ صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحَمَّد

دورِ حاضر کی عظیم علمی و روحانی شخصیت شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، حضرت علّامہ مولانا محمد الیاس عطّاؔر قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ ان ہستیوں میں سے ایک ہیں جنہیں اللہ پاک نے بے پناہ علم و حکمت سے نوازا ہے۔ آپ کے ملفوظات و ارشادات سن کر لوگ اخلاق و کردار کا پیکر بنتے اور دین و دنیا کی ڈھیروں برکتیں سمیٹتے ہیں، آیئے ہم بھی اِن ارشادات کی روشنی میں اپنے ظاہر و باطن کو سنوارنے کی کوشش کرتے ہیں۔

## ارشاداتِ امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ

﴿1﴾ جنّت میں لے جانے والے کاموں میں سے ایک کام ”مسلمان کو اپنے شَر سے بچانا

[1] . . . اکثر ارشادات ماہنامہ فیضانِ مدینہ کے سلسلے ”عطار کا چمن کتنا پیارا چمن“ سے لیے گئے ہیں۔

ہے۔“(مَدَنی مذاکرہ،3ربیعُ الاول1439ھ)

﴾2﴿ بندے کی سب سے بڑی خوبی ایمان دار(یعنی مسلمان)ہونا ہے۔

(24ذوالحجۃالحرام 1443 بمطابق 23 جولائی 2022)

﴾3﴿ رِیاکاری سے بچتے ہوئے اِخلاص کے ساتھ نیک اَعمال کرنے کی عادت بنائیے کہ مُخلص شخص ہزار پَردوں (1000) میں چُھپ کر بھی نیک کام کرے، اللہ پاک اسے لوگوں میں مشہور فرما دیتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،25ذوالحجۃالحرام 1435ھ)

﴾4﴿ دینی تعلیم حاصل کرنے والے کا مُستقبِل(یعنی قبر و آخرت)روشن و تابناک ہے۔

(مدنی مذاکرہ،10محرم الحرام1436ھ)

﴾5﴿ مسکرانا سنّت ہے، مسکرانے والوں کے لوگ قریب آتے ہیں، ہر وقت رونی صورت بنائے رکھنے والوں سے لوگ دُور بھاگتے ہیں۔(مَدَنی مذاکرہ،25رمضان المبارک1436ھ)

﴾6﴿ عاجزی کے الفاظ بولنے میں کہیں رِیاکاری نہ ہوجائے لہٰذا جب تک دلی کیفیت نہ ہو تو زبان سے اپنے آپ کو ”حقیر، فقیر“ نہیں کہنا چاہیے۔(مدنی مذاکرہ،24ربیع الآخر1439ھ)

﴾7﴿ صحیحُ العقیدہ سنّی و باعمل عالِمِ دین کی صحبت میں رہنے والے شخص کو علم و روحانیت دونوں حاصل ہوتے ہیں۔(مَدَنی مذاکرہ،21صفر المظفر1436ھ)

﴾8﴿ یہ عاشقانِ رسول کا حصّہ ہے کہ جب مدینے جاتے ہیں تو روتے ہیں کہ ہم حاضری کے قابل نہیں اور جب مدینے سے واپس ہوتے ہیں تو بھی روتے ہیں کہ مدینہ چھوٹ رہا ہے۔

(مَدَنی مذاکرہ،3شعبان المعظم 1438ھ)

﴾9﴿ یادرکھئے! دنیا نہ کسی کے کام آئی ہے،نہ آئے گی اور نہ ہی قبر میں ساتھ جائے گی۔

(مَدَنی مذاکرہ،یکم محرم الحرام1436ھ)

﴾10﴿ نبیِّ آخِرُ الزّماں صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم، صحابۂ کرام، اہلِ بیتِ اَطہار اور اولیائے کرام

رِضوانُ اللّٰہِ علیہم اجمعین کی غلامی میں دراصل آزادی ہے۔(مَدَنی مذاکرہ، 13 شوال المکرم 1435ھ)

﴿11﴾ خوشی کے موقع جیسے شادی یا سالگرہ وغیرہ پر تحفے میں شوپیس یا کوئی اور چیز دینے کے بجائے نقد پیسے دینا زیادہ مفید ہے کہ اس سے وہ اپنی ضروریات پوری کرسکتے ہیں۔
(مَدَنی مذاکرہ، 6 ربیع الاوّل 1439ھ)

﴿12﴾ ہر وہ بات جس سے گناہوں کا دروازہ کھلے اس سے اِجتناب کرنا (یعنی بچنا) ضروری ہے۔(مَدَنی مذاکرہ، 8 محرم الحرام 1436ھ)

﴿13﴾ قَبولیت کا دارومدار کثرت و قلّت پر نہیں، بلکہ اِخلاص پر ہے۔
(مَدَنی مذاکرہ، 5 ربیع الاول 1439ھ)

﴿14﴾ مساجد کے امام صاحبان و مؤذِّنین سفید پوش ہوتے ہیں اور ان کی تنخواہیں عُموماً کم ہوتی ہیں لہٰذا ہر ایک کو اپنی حیثیت کے مطابق ان کی مالی خدمت کرنی چاہیئے، اس سے اِن شاءَ اللہ ان کا دل خوش ہو گا۔(انہیں مُصلّے، مٹھائی کے ڈبّے اور عِطر وغیرہ کے خوبصورت پیکٹ دینے کے بجائے "رقم" پیش کرنی چاہیئے تاکہ وہ ضرورتاً دوا، راشن اور لباس وغیرہ کی ترکیب فرماسکیں۔)
(مدنی مذاکرہ، 6 ربیع الاول 1439ھ)

﴿15﴾ نقشِ نَعلَین شریف کے بَیج (Badge) عمامے یا کپڑوں پر لگانے کا مقصد زینت حاصل کرنا نہیں بلکہ بَرَکت حاصل کرنا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ، 11 ربیعُ الاول 1439ھ)

﴿16﴾ اَبرُو یعنی بھنوؤں پر تیل لگانا سنّت ہے اور اس سے سَر دَرد بھی دُور ہوتا ہے۔
(مَدَنی مذاکرہ، 25 جمادی الاخریٰ 1438ھ)

﴿17﴾ ہمیں دنیاوی بھلائیاں حاصل کرنے کے لئے بھی وہی کام کرنا چاہیئے جو عین شریعت کے مطابق ہو۔(مَدَنی مذاکرہ، 4 محرم الحرام 1436ھ)

﴿18﴾ میری مالی خدمت کرنے کا جذبہ رکھنے والے میرے بدلے اپنے عَلاقے کے صحیح

العقیدہ سنّی عالِمِ دین کی خدمت کریں۔(مَدَنی مذاکرہ،5 محرم الحرام1436ھ)

﴿19﴾مصیبت پر صبر کرنے کی ایک صورت یہ ہے کہ کسی سے اُس مصیبت کا بِلا مصلحت اظہار نہ کیا جائے۔(مَدَنی مذاکرہ،10 محرم الحرام1436ھ)

﴿20﴾جب بھی بولیں اچھا بولیں کہ میٹھے بول میں ایسا سِحْر (یعنی جادو) ہے کہ سَرکَش (یعنی نافرمان و باغی) مُطِیع (یعنی اطاعت گزار) ہو جاتے ہیں۔ (مَدَنی مذاکرہ،4 ربیع الآخر1436ھ)

﴿21﴾دُودھ اللہ پاک کی ایسی نعمت ہے کہ جس میں پانی اور غِذا دونوں ہیں، البتہ سب سے اچھا دُودھ بکری کا ہے اور یہ جَلْد ہضم (Digest) بھی ہو جاتا ہے۔(مَدَنی مذاکرہ،5 ربیع الآخر1436ھ)

﴿22﴾تھکن کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ نیم گرم پانی سے غسل کر لیا جائے اور سونے سے پہلے تسبیحِ فاطمہ (یعنی 33 بار سُبْحٰنَ الله، 33 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰه اور 34 بار اَللهُ اَکْبَر) کا وِرْد کیا جائے۔
(مَدَنی مذاکرہ،یکم جمادی الاولیٰ1436ھ)

﴿23﴾ماں باپ کی قَدْر کیجئے کہ ان کا نِعْمَ البدل (Alternate) کوئی نہیں ہے۔
(مَدَنی مذاکرہ،7 جمادی الاولیٰ1436ھ)

﴿24﴾ماں باپ کو چاہئے کہ وہ بچّوں کو پیار و محبت اور حکمتِ عملی سے سمجھائیں، بات بات پر جھاڑنا، مارنا اور چیخ چیخ کر سمجھانا بچّوں کو باغی (نافرمان) بنا سکتا ہے۔
(مَدَنی مذاکرہ،13 رجب المرجب1436ھ)

﴿25﴾سلیقہ مند اولاد اپنے والدین کے سامنے بلند آواز سے بات نہیں کرتی بلکہ ان کا ادب کرتی اور ان کے ہاتھ پاؤں چُومتی ہے۔(مدنی مذاکرہ،6 رمضان المبارک1436ھ)

﴿26﴾جو بات دو ہونٹوں میں نہیں سمائی وہ کہیں نہیں سمائے گی۔
(مدنی مذاکرہ،6 رمضان المبارک1432ھ)

﴿27﴾جس کے بارے میں یہ حُسنِ ظن ہو کہ اس کی دُعا قبول ہوتی ہے تو اس سے بے

حساب مغفرت کی دعا کروانی چاہیے۔(مَدَنی مذاکرہ،25رمضان المبارک1436ھ)

﴿28﴾ حُسنِ ظن میں کوئی شَر (یعنی بُرائی) نہیں اور بَدگُمانی میں کوئی خیر (یعنی بھلائی) نہیں۔
(مدنی مذاکرہ،18رمضان المبارک1432ھ)

﴿29﴾ روزانہ (Daily) 12 گلاس، یعنی کم و بیش 3 لیٹر پانی پئیں اِن شاءَ اللہ گُردوں کے امراض سے محفوظ رہیں گے اور قبض سے بھی بچیں گے۔(مَدَنی مذاکرہ،9محرم الحرام1436ھ)

﴿30﴾ اگر مسلمان ظاہری نَمُود و نُمائش کے اَخراجات ختم کر کے اِعْتِدال سے زندگی گزاریں تو خوشحالی آجائے گی، اِن شاءَ اللہ۔(مَدَنی مذاکرہ،25رمضانُ المبارک1436ھ)

﴿31﴾ وقت ایک نعمت ہے اور نعمت کی قدر اس کے زَوال (یعنی ختم ہونے) کے بعد ہوتی ہے لہٰذا اس وقت کو قیمتی بناتے ہوئے نیکیوں میں گزاریئے۔(مدنی مذاکرہ،4رجب المرجب1440ھ)

﴿32﴾ معاشرے (Society) کا سب سے مُعَزَّز (Respectable) اور عقل مند طبقہ عُلَمائے کرام کا ہے۔ علمائے کرام پر تنقید نہیں بلکہ ان کا اَدَب و احترام کیجئے۔
(مدنی مذاکرہ،2محرم الحرام1441ھ)

﴿33﴾ (افسوس!) آج مسلمان سوشل میڈیا اور پرنٹ میڈیا کے ذریعے ایک دوسرے کو رُسوا کر رہے ہیں جبکہ اِسلام نے مسلمانوں کو ایک دوسرے کی عزّت کا مُحافِظ بنایا ہے۔
(مدنی مذاکرہ،5محرم الحرام1441ھ)

﴿34﴾ جس کے پاس مال زیادہ ہوتا ہے لوگ اسے مال دار (Rich) سمجھتے ہیں مگر حقیقت میں مال دار وہ قناعَت پسند شخص ہے کہ جتنا اللہ پاک نے اسے دیا وہ اس پر راضی رہے۔
(مدنی مذاکرہ،10ربیع الآخر1440ھ)

﴿35﴾ بُزرگانِ دین کے مزارات پر فیض حاصل کرنے کے لئے جانا چاہیے اور (دنیا و آخرت کی بھلائی پانے کیلئے) ان کے نقشِ قدم پر چلنا چاہیے۔(مدنی مذاکرہ،3محرم الحرام1441ھ)

﴿36﴾ دس بیبیوں کی کہانی، جنابِ سیّدہ کی کہانی وغیرہ مَن گھڑت کہانیوں کا پڑھنا اور ان کی منّت ماننا جائز نہیں۔ اگر کسی نے ان کے پڑھنے کی منّت مانی ہے تو اس منت کا پورا کرنا بھی جائز نہیں ہے۔ (مدنی مذاکرہ، 5 محرم الحرام 1441ھ)

﴿37﴾ کسی کو اپنا راز بتانا گویا اُس کا غُلام بننا ہے۔ (9 ذوالحجۃ الحرام 1441ھ 30 جُولائی 2020)

﴿38﴾ بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ کھجور، پانی یا نمک سے روزہ اِفطار کرنا ضَروری ہے، ایسا نہیں ہے بلکہ کسی بھی کھانے یا پینے کی چیز سے روزہ اِفطار کر سکتے ہیں۔
(مدنی مذاکرہ، 18 رمضان المبارک 1437ھ)

﴿39﴾ جہاں ضرورت ہو وہاں بے شک عَلَی الْاِعْلان اِصلاح کی جائے مگر آج کل بعض نادان لوگ اِصلاح کے نام پر سوشل میڈیا کے ذریعے مسلمان کے عیب لاکھوں لوگوں تک پہنچا دیتے ہیں جس سے اس مسلمان کی عزت محفوظ نہیں رہتی۔ (مدنی مذاکرہ، 5 محرم الحرام 1441ھ)

﴿40﴾ اگر آپ بارگاہِ رِسالت میں مقرّب ہونا چاہتے ہیں تو پیارے آقا صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی اطاعت، سنّتوں پر خوب عمل اور دُرود شریف کی کثرت کیجئے، اِنْ شَآءَ اللہ اس کی برکت سے نبیِ کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا قُرب مل جائے گا۔ (مدنی مذاکرہ، 2 محرم الحرام 1441ھ)

﴿41﴾ دینِ اسلام فتنہ وفساد کی حوصلہ شکنی اور پیار، اَمن اور بھائی چارے کی حوصلہ اَفزائی کرتا ہے۔ (مدنی مذاکرہ، 5 محرم الحرام 1441ھ)

﴿42﴾ بچّوں میں یہ فِطری (یعنی قدرتی Natural) بات ہوتی ہے کہ وہ بڑوں کی نقّالی (یعنی انہیں Copy) کرتے ہیں، اگر گھر میں نَمازوں کا ماحول ہو گا تو بچّے بھی نَمازوں کی نقّالی کریں گے اور اگر (مَعَاذَ اللہ) گانے باجے یا ڈانس کا ماحول ہو گا تو بچّے بھی ڈانس کریں گے۔
(مدنی مذاکرہ، 19 صفر المظفر 1441ھ)

﴿43﴾ نیک اعمال پر اِستقامت پانے کے لئے اِبتداءً نفس کو جبراً نیکیوں کی طرف گامزن

کرنا پڑتا ہے۔(مدنی مذاکرہ،29جمادی الاخریٰ1436ھ)

﴾44﴿ جو ملکی قَوانِین (National Rules) شریعت سے نہ ٹکراتے ہوں اُن پر عمل کرنا چاہئے۔(مدنی مذاکرہ،25رمضان المبارک1436ھ)

﴾45﴿ گھر میں (خدانخواستہ) گناہوں بھرے چینل چلائیں گے تو بچّے بھی گانے گُنگنائیں گے اور فلمی ڈائیلاگ بولیں گے جبکہ مدنی چینل چلائیں گے تواِن شاءَ اللہ اس کی برکت سے بچّوں کے ایمان کی حفاظت، کِردار میں نِکھار اور زبان پر ذِکر و دُرود رہے گا۔
(مدنی مذاکرہ،19صفرالمظفر1441ھ)

﴾46﴿ گُناہ کرنا تو دُور کی بات ہے گُناہ کے قریب بھی نہیں جانا چاہئے۔
(مدنی مذاکرہ،8 شوال المکرم 1441ھ/30مئی2020ء)

﴾47﴿ Quantity نہیں Quality پر نظر رکھئے۔(تعداد نہیں معیار پر نظر رکھئے۔)

﴾48﴿ خاموشی، تقویٰ اور نیکی اپنا لیجئے اور مُناظِرانہ انداز کی بجائے مُبلِّغ بن جایئے، اِن شاءَ اللہ قوم آپ کے پیچھے آجائے گی۔(5محرم الحرام 1441)

﴾49﴿ اپنی شہرت کی وجہ سے بارہا میں اللہ کی خُفْیہ تدبیر سے ڈرتا ہوں۔(6محرم الحرام 1441)

﴾50﴿ سنجیدگی (اپنائیں مگر) ایسی بھی نہ ہو کہ مُسکرانے کے موقع پر بھی منہ بنا رہے۔
(8محرم الحرام 1441)

﴾51﴿ مسکراہٹ بہت سے مسائل حل کر دیتی ہے۔(16صفر المظفر1442ھ 3اکتوبر2020ء)

﴾52﴿ (اُخروی اعتبار سے) ہمیشہ ”مظلوم“ کی جیت ہوتی ہے۔(7محرم الحرام 1444 بمطابق 5اگست 2022)

﴾53﴿ تجوید و قراءت کے ساتھ قرآنِ کریم پڑھنے والا ”قابلِ رشک“ ہے۔
(2محرم الحرام 1444 بمطابق 2اگست 2022)

﴾54﴿ بچوں کو چاکلیٹ، ٹافیاں، چپس وغیرہ کھلانے کی بجائے دودھ، پھل اور سبزیاں

وغیرہ کھلایئے، ان شاءَ اللہ الکریم بچوں کی صحّت اچھی رہے گی۔

(2محرم الحرام 1444 بمطابق 2 اگست 2022)

﴿55﴾ مسلمان کا اَنداز کہیں بھی بداخلاقی والا نہیں ہونا چاہیے۔

(6محرم الحرام 1444 بمطابق 4 اگست 2022)

﴿56﴾ اَلحمدُ لِلّٰہ! میں وقتاً فوقتاً اپنے مریدین وطالبین کے لئے دُعائیں کرتا رہتا ہوں۔

(9محرم الحرام 1444 بمطابق 8 اگست 2022)

﴿57﴾ ”سُکھ کے ساتھی“ بہت مگر ”دُکھ کا ساتھی“ کوئی کوئی ہوتا ہے۔

(9محرم الحرام 1444 بمطابق 8 اگست 2022)

﴿58﴾ محرّمُ الحرام میں اہلِ بیتِ اَطہار (علیہمُ الرّضوان) کے مُستَنَد فضائل بیان کرنے چاہئیں تاکہ لوگوں کے دِلوں میں اِن مقدس ہستیوں کی عظمت بیٹھے۔ (مُبلّغین کے لیے)

(9محرم الحرام 1444 بمطابق 8 اگست 2022)

﴿59﴾ ”اصل عزت“ آخرت کی ہے، دنیا کی عزّت کا کوئی معیار نہیں۔

(3ربیع الآخر 1444 بمطابق 30 اکتوبر 2022)

﴿60﴾ کام صرف چاہنے سے نہیں ”کرنے“ سے ہوتا ہے کہ ”حرکت میں برکت ہے“۔

(4ربیع الآخر 1444 بمطابق 30 اکتوبر 2022)

﴿61﴾ غفلت سے بچنے کے لئے غافلوں کی صحبت سے بچنا ہوگا۔

(29محرم الحرام 1444 بمطابق 27 اگست 2022)

﴿62﴾ دِل ”تلوار“ سے نہیں ”حُسنِ اخلاق“ سے جیتے جاسکتے ہیں۔

(پہلی صفر 1444 ہجری بمطابق 29 اگست 2022)

﴿63﴾ دُکھوں پر ”مرچیں“ رکھنے کے بجائے ”مرہم“ رکھئے۔

(پہلی صفر 1444 ہجری بمطابق 29 اگست 2022)

﴿64﴾ جو ہمیں سمجھائے وہ ہمارا ”محسن“ ہے۔(19 ربیع الاول 1444 بمطابق 15 اکتوبر 2022)

﴿65﴾ جسے (عمل کا) جذبہ مل جائے وہ دنیا کے کسی بھی کونے میں چلا جائے سنّتیں نہیں چھوڑتا۔(پہلی ذوالحجۃ الحرام 1443 ہجری بمطابق فرسٹ جولائی 2022)

﴿66﴾ کسی کا ”محل“ دیکھ کر اپنی ”جھونپڑی“ جلانے کے بجائے فٹ پاتھ پر پڑے بے گھر کو دیکھئے۔(3 صفر المظفر 1444 بمطابق 31 اگست 2022 بتغیر)

﴿67﴾ ”اِحساس“ محبت کی اَساس (یعنی بنیاد) ہے۔(3 صفر المظفر 1444 بمطابق 31 اگست 2022)

﴿68﴾ ٹوٹے دل جوڑنے چاہئیں نہ کہ جُڑے دلوں کو توڑا جائے۔
(9 ربیع الآخر 1444 ہجری بمطابق 4 نومبر 2022)

﴿69﴾ مریض کی عیادت کو جایئے کہ سُنّت ہے، مگر اتنا زیادہ نہ رُکئے کہ مریض پریشان ہوجائے۔(11 رمضان المبارک 1443 ہجری بمطابق 13 اپریل 2022)

﴿70﴾ ”مسلمان کو ہر تکلیف پر اجر ملتا ہے۔ صبر جنت کا خزانہ ہے۔“
(18 رمضان المبارک 1443 ہجری بمطابق 20 اپریل 2022)

﴿71﴾ یامُھَیْمِنُ 29 بار روزانہ پڑھنے والا اِن شاءَ اللہُ الکریم ہر آفت وبلا سے محفوظ رہے گا۔(20 رمضان المبارک 1443 ہجری بمطابق 22 اپریل 2022)

﴿72﴾ ”ایک مقبول نیکی دنیا کی ساری دولت اور بادشاہت سے بہتر ہے۔“
(23 رمضان المبارک 1443 ہجری بمطابق 25 اپریل 2022)

﴿73﴾ یااللہُ 100 بار سوتے وقت پڑھنے سے ان شاءَ اللہُ الکریم شریر جنات کی شرارت اور فالج ولقوے کی آفت سے حفاظت ہوگی۔
(26 رمضان المبارک 1443 ہجری بمطابق 28 اپریل 2022)

﴿74﴾ ماہِ رَمَضان کے آنے پر خوش اور جانے پر غمزدہ ہونا خوش نصیبوں کا حصہ ہے۔
(28 رمضان المبارک 1443 ہجری بمطابق 30 اپریل 2022)

﴾75﴿ عید صرف رنگ برنگے کپڑے پہننے، سیر و تفریح کرنے اور اچھے کھانے کھانے کا نام نہیں، عید تو اللہ کریم کا شکر ادا کرنے، خیر خیرات کرنے اور رضائے الٰہی کے کام کرنے کا دن ہے۔(29 رمضان المبارک 1443 ہجری بمطابق 1 مئی 2022)

﴾76﴿ جسے کوئی سمجھانے والا نہیں وہ بڑا ”بدنصیب“ ہے۔
(19 ربیع الاول 1444 بمطابق 15 اکتوبر 2022)

﴾77﴿ گناہ کرنا نہیں چاہیے اور (گناہوں پر) رونا ترک کرنا (یعنی چھوڑنا) بھی نہیں چاہیے۔
(3 رمضان المبارک 1442)

﴾78﴿ تنقید برداشت کرنے والا ”بڑا آدمی“ ہے۔(9 ربیع الآخر 1444 ہجری بمطابق 4 نومبر 2022)

﴾79﴿ طلبہ ملک کا اہم ”سرمایہ“ ہوتے ہیں اور یہ ملک کی ”تقدیر“ بدل سکتے ہیں۔
(10 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴾80﴿ (نیک عمل کی) قبولیت کا دارو مدار قِلَّت و کثرت (یعنی کمی اور زیادتی) پر نہیں ”اخلاص“ پر ہے۔(10 رمضان المبارک 1442ھ)

﴾81﴿ کبھی بھی بڑا بول نہیں بولنا چاہیے۔(13 رمضان المبارک 1442ھ بعد عصر)

﴾82﴿ عزت دو عزت لو۔(15 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴾83﴿ بچوں، بوڑھوں اور مریضوں کو پیار دیجئے۔(15 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴾84﴿ ہمارا کردار ایسا ہونا چاہیے جسے دیکھ کر لوگ کہیں اِس کو ”Follow“ کرنا چاہیے۔
(16 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴾85﴿ ”سنجیدگی“ عالِم کا زیور ہے۔(15 ربیع الاول 1444ھ)

﴾86﴿ رُوح کی غذا ”اللہ پاک کا ذکر“ ہے۔(16 رمضان المبارک 1442ھ بعد عصر)

﴾87﴿ اللہ پاک کو ناراض کرنے والے کام کرکے بھلا خوشی منائی جاسکتی ہے؟ (یقیناً نہیں)
(19 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿88﴾ ”مشورہ“ اُس سے لیں جو خوفِ خدا والا اور امین (یعنی امانت دار) ہو۔
(16 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿89﴾ حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی نسبت کی وجہ سے میں ساداتِ کرام سے محبت کرتا ہوں۔(20 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿90﴾ ”جنت“ ساداتِ کرام کے قدموں کے صدقے سے ملے گی۔
(20 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿91﴾ اَصل شادی (یعنی خوشی کا موقع) ”مدینے کی حاضری“ ہے۔
(21 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿92﴾ رمضانُ الکریم میں نوٹ کمانے کی بجائے ”نیکیاں کمانے“ پر توجہ دینی چاہئے۔
(22 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿93﴾ جب مجھے پتا چلتا ہے کہ فُلاں دعوتِ اسلامی کا دینی کام کرتا ہے تو میرا دل خوش ہوتا ہے۔(7 ربیع الآخر 1444 بمطابق 3 نومبر 2022 خصوصی مدنی مذاکرہ)

﴿94﴾ سب سے بڑا ”متأثِّر کُن“ شخص وہی ہے جو گناہوں سے بچتا ہو اور اُس کا ہر قدم ”سنتوں“ کے راستے پر پڑتا ہو۔(25 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿95﴾ تسخیرِ قُلوب (یعنی دِلوں کو قابو کرنے) کا بڑا وظیفہ چہرے پر ”مسکراہٹ“ رکھنا ہے، مگر سنت کی نیت سے مسکرایئے اور نیکی کی دعوت (دینے) کی خاطر لوگوں کو قریب کیجئے۔
(25 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿96﴾ کسی کی ”جان“ بچانا اگرچہ اچھا کام ہے مگر کسی کا ”ایمان“ بچانا اِس سے زیادہ ”اہم“ ہے۔(26 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿97﴾ اچھی صحبت نایاب نہیں تو کمیاب ضرور ہے۔(28 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿98﴾ عیدُ الفطر روزہ خوروں (یعنی روزہ نہ رکھنے والوں) کی نہیں بلکہ روزہ داروں کی ہوتی ہے۔(29 رمضان المبارک 1442ھ رات)

﴿99﴾ میرے نزدیک میرے لئے وہ "دِن" افضل ہے جس میں کوئی گناہ نہ ہو۔ (29 رمضان المبارک 1442ھ عصر)

﴿100﴾ کسی کو اُصول کا پابند بنانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ خود اُصول کے پابند بن جائیں۔ (18 صفر المظفر 1443، 26 ستمبر 2021)

﴿101﴾ اپنی شخصیت کو نِکھارنے کی بجائے اپنے نامۂ اعمال کو نکھارنے کی فکر کیجئے۔ (18 صفر المظفر 1443، 26 ستمبر 2021)

﴿102﴾ سب سے اعلیٰ کُرسی "غلامیٔ مصطفےٰ" کی کُرسی ہے۔(11 ربیع الاوّل 1443)

﴿103﴾ "کام" کرنے سے ہوتا ہے فقط چاہنے یا کُڑھنے سے نہیں۔ (7 جمادی الاولیٰ 1443، 12 دسمبر 2021)

﴿104﴾ دُنیاوی خوشی عارِضی (Temporary) ہے اور اس میں بھی کئی غم چُھپے ہوئے ہیں۔ (28 ربیع الآخر 1443، 5 دسمبر 2021)

﴿105﴾ دورانِ بیان اچھے الفاظ استعمال کرنا اور واہ واہ چاہنا ایک ایسی دیمک ہے جو بیان کے اجر و ثواب کو چاٹتی رہتی ہے۔(19 محرم الحرام 1441، 19 ستمبر 2019)

﴿106﴾ مسلمانوں کو سستا مال بیچ کر رمضانُ المبارک میں نیکیاں کمائیے کہ رمضانُ المبارک مال نہیں بلکہ نیکیاں کمانے کا مہینا ہے۔(1 رمضان 1443، 2 اپریل، 2022)

﴿107﴾ شرعی مَصلحتوں کے بغیر خطروں سے کھیلنے والے بَہادُر نہیں اَحمق (یعنی بے وقوف) ہوتے ہیں۔(1 رمضان 1443، 2 اپریل، 2022)

﴿108﴾ اچھا دوست وہ ہے جس کو دیکھ کر خدا یاد آئے۔(1 رمضان 1443، 2 اپریل، 2022)

﴿109﴾ مرض ہو یا قرض بس اپنے موڈ میں حرج (یعنی سختی) نہیں آنا چاہئے۔(یعنی مزاج



www.dawateislami.net

بد اخلاق نہیں ہونا چاہیئے۔(5شوال المکرم 1443، خصوصی مدنی مذاکرہ)

﴾110﴿ پہلے جان ہتھیلی پر رکھنی پڑتی ہے پھر جان قربان کرنے والے بنتے ہیں۔
(5شوال المکرم 1443، خصوصی مدنی مذاکرہ)

﴾111﴿ صاحبِ مال بننے کی بجائے صاحبِ نیک اعمال بننے کی کوشش کیجئے۔
(6شوال المکرم 1443، خصوصی مدنی مذاکرہ)

﴾112﴿ ہم اللہ پاک کے عاجز بندے ہیں، ہمیں عاجزی ہی کرنی ہے، داداگیری (یعنی بدمعاشی) نہیں۔(19ذی القعدہ 1443۔19جون 2022)

﴾113﴿ جو شریعت اور طریقت کو الگ الگ کہے ہمیں اُس سے الگ رہنا ہے۔
(19ذی القعدہ 1443۔19جون 2022)

﴾114﴿ غلامیٔ مصطفٰی میں ملنے والی حکومت جسموں پر نہیں بلکہ دِلوں پر ہوتی ہے۔
(19ذی القعدہ 1443۔19جون 2022)

﴾115﴿ ہفتہ وار اجتماع کی پابندی کریں، اِن شاءَ اللہُ الکریم باجماعت نماز کے بھی پابند ہو جائیں گے۔(24ذی القعدہ 1443۔24جون 2022)

﴾116﴿ غلامیٔ رسول کی کرسی مل جائے تو پھر کسی کرسی (یعنی دُنیاوی عُہدے یا مَنصب) کی ضرورت نہیں۔(27ذی القعدۃ الحرام 1434۔28جون 2022)

﴾117﴿ "72 نیک اعمال" اللہ پاک کی یاد کا ذریعہ ہیں اور اللہ پاک کی یاد میں ہی سکون ہے۔
(27ذی القعدۃ الحرام 1443۔28جون 2022)

﴾118﴿ سرمایۂ عشق پانے کیلئے عشقِ اِلٰہی اور عشقِ رسول پر مبنی حکایات و مضامین پڑھنے چاہئیں۔(مَدَنی مذاکرہ،4ذوالقعدۃ الحرام 1435)

﴾119﴿ جسے دین کے معاملے میں ستایا جائے اُسے چاہیے کہ سرکار صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کو

یاد کرلیا کرے۔(28ذی القعدۃ الحرام 1443۔28جون 2022)

﴿120﴾ مُنْجِیات و مُہلِکات (مُنْجِیات یعنی نجات دِلانے والے اعمال، مُہلِکات یعنی ہلاکت میں ڈالنے والے اعمال) کا عِلم سیکھیں گے تو شیطان کا بھرپور مُقابلہ ہو سکے گا۔

(مَدَنی مذاکرہ،6شوال المکرم 1435)

﴿121﴾ ذہین پر اپنی ذہانت کا شکر ادا کرنا ضروری ہے کیونکہ ذہانت قدرتی عَطِیَّہ (یعنی اللہ پاک کی طرف سے تحفہ) ہے۔(28ذی القعدۃ الحرام 1443۔28جون 2022)

﴿122﴾ جذبہ ہو تو راہیں ہزار، جذبہ نہ ہو تو بہانے ہزار۔

(27ذی القعدۃ الحرام 1443.28جون 2022)

﴿123﴾ اگر استطاعت ہو تو شہر کا سب سے بہترین جانور خرید کر قربانی کرنے کے لئے بارگاہِ رسالت میں پیش کریں اور عرض کریں:

کیا پیش کریں جاناں کیا چیز ہماری ہے یہ دل بھی تمہارا ہے یہ جاں بھی تمہاری ہے

(3ذوالحجۃ الحرام 1443۔2جون 2022)


﴿124﴾ استاد کی قابلیت اس میں ہے کہ وہ کُنْد ذہن طالبِ علم کو پڑھا کر امتحان میں کامیاب کردے۔(3ذوالحجۃ الحرام 1443۔2جون 2022)

﴿125﴾ "بولنا" آسان ہے مگر "کرکے" دِکھانا مشکل ہے۔

(2محرم الحرام 1444 بمطابق 2اگست 2022)

﴿126﴾ جب عُہدہ و مَنْصب ملتا ہے تو بندہ بسا اوقات ظلم میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

## اگلے ہفتے کا رسالہ




978-969-722-433-3

01082383

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی

UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278

www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net

feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net